Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے سربراہ اور تحریک انصاف کے حمایت یافتہ صدارتی امیدوار محمود خان اچکزئی کی رہائش گاہ پر چھاپے کا معاملہ

پاکستان تحریک انصاف کی محمود خان اچکزئی کے گھر پر پولیس کے غیر قانونی چھاپے کی شدید مذمت

محمود خان اچکزئی کے گھر پر پولیس کا حملہ پارلیمان میں آئین اور جمہوریت کی بالادستی کی بات کرنے اور انتخابی دھاندلی کے حقائق بیان کرنے پر ریاست کا ردعمل ہے، ترجمان تحریک انصاف

دستورِ پاکستان قومی اسمبلی کے فلور پر کی جانے والی تقاریر کو آئینی تحفظ فراہم کرتا ہے، ترجمان تحریک انصاف

قومی اسمبلی میں عوام کے منتخب کردہ نمائندے کو انتقامی کارروائی کا نشانہ بنانا پارلیمان کی توہین ہے، ترجمان تحریک انصاف

صدارتی الیکشن سے قبل صدارتی امیدوار محمود خان اچکزئی کے گھر پر چھاپہ صدارتی انتخاب پر اثرانداز ہونے کی ایک شرمناک کوشش ہے، ترجمان تحریک انصاف

الیکشن کمیشن عام انتخابات سے لے کر صدارتی انتخاب تک شفافیت کو برقرار رکھنے کی آئینی ذمہ داری سرانجام دینے میں ہر قدم پر مکمل ناکام ہوچکا ہے، ترجمان تحریک انصاف

الیکشن کمیشن کی بے حمیتی اور تعصب آمیز رویے کے باعث قانون کو پامال کرنے والے عناصر دندناتے پھر رہے ہیں، ترجمان تحریک انصاف

گھروں پر غیر قانونی چھاپوں جیسے غیر آئینی ہتھکنڈے سیاسی رہنماؤں کو ان کے مؤقف سے پیچھے ہٹنے پر مجبور نہیں کرسکتے، ترجمان تحریک انصاف

محمود خان اچکزئی کے گھر پر چھاپے کا فوری نوٹس لیا جائے اور ذمہ داران کو قانون کے کٹہرے میں کھڑا کیا جائے، ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ